مسافرانِ آخرت

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ("ہم اللہ ہی کا مال ہیں اور اُسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں")

قبر کے چوکھٹے خالی ہیں انہیں مت بھولو

جانے کب کون سی تصویر لگادی جائے

☆ حافظ عبدالمجید رائے پوری رحمتہ اللہ علیہ: حضرت پیر جی عبداللطیف رحمتہ اللہ علیہ (خلیفہ مجاز حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری قدس سرہٗ) کے بڑے صاحبزادے حافظ عبدالمجید رائے پوری صاحب ۱۱ر جولائی ۲۰۰۳ء کو انتقال کر گئے۔ مرحوم مدرسہ تجوید القرآن چیچہ وطنی (ضلع ساہیوال) کے مہتمم تھے۔

☆ قمر الحق قمر مرحوم: سینئر صحافی جناب قمر الحق قمر ۱۱ر جولائی ۲۰۰۳ء بروز جمعتہ المبارک دل کا دورہ پڑنے سے ملتان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ کے پوتے، مولانا عبدالحق جالندھریؒ کے فرزند، مولانا نجم الحق کے بڑے بھائی اور قاری محمد حنیف جالندھری (مہتمم جامعہ خیر المدارس ملتان) کے چچازاد تھے۔

☆ میاں ریاض الحق فاروق رحمہ اللہ: معروف محقق مولانا محمد الیاس فیصل (مقیم مدینہ منورہ) کے بڑے بھائی اور ہمارے دیرینہ کرم فرما ۲۱ر جولائی کو لاہور میں انتقال فرما گئے۔

☆ محمد خالد مرحوم بن قاضی عبدالرشید ۱۶ر جون ۲۰۰۳ء (غازی پور۔ ضلع رحیم یار خان)

☆ جناب عبداللطیف خالد چیمہ کی چچی صاحبہ، جناب عرفان چیمہ کی والدہ ماجدہ اور محمد مجیب الرحمٰن کی ہمشیرہ ۱۴ر جولائی ۲۰۰۳ء لندن میں انتقال کر گئیں۔

☆ والدہ مرحومہ محمد طارق یوسف صاحب (فیصل آباد)

☆ ماہنامہ "نقیب ختم نبوت" کے سرکولیشن منیجر محمد یوسف شاد کی چچی صاحبہ اُمِّ رحیم بخش انتقال: ۱۸ر جولائی (کوٹ رب نواز۔ ملتان)

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت اور جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین) قارئین ایصالِ ثواب اور دعائے مغفرت کا خصوصی اہتمام کریں۔

دعائے صحت

☆ بنتِ امیر شریعت سیدہ اُمِّ کفیل بخاری مدظلہا

☆ محترم عبدالرحمٰن جامی نقشبندی (جلال پور پیر والا ضلع ملتان)

☆ ادارہ "نقیب ختم نبوت" کے معاونین جناب خالد اسلام (پلاسٹک کراکری والے، شرقی النگ حرم گیٹ، ملتان) ☆ جناب حاجی غلام رسول قریشی (شاہین ٹینٹ ہاؤس مبین مارکیٹ گلگشت، ملتان) ☆ خان امان اللہ خان (حسن آباد، ملتان)

اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو صحتِ کاملہ عطاء فرمائے۔ (آمین) قارئین سے بھی دعائے صحت کی درخواست کی جاتی ہے۔